**04.09.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی سنگاپور کے اپنے ہم منصب کے ساتھ بھارت- سنگاپور کلیدی شراکت داری کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے سنگاپور پہنچ گئے ہیں۔

☆ مرکز نے پنشن کی ادائیگی کے Centralized نظام کو منظوری دی ہے، جس سے EPFO میں رجسٹرڈ ملازمین کسی بھی بینک سے اپنی پنشن حاصل کرسکیں گے۔

☆ مرکز اور تریپورہ حکومت نے نیشنل لبریشن فرنٹ آف تریپورہ اور آل تریپورہ ٹائیگر فورس کے ساتھ امن کے تاریخی معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اگلے سات دن کے دوران گجرات، کونکن، شمال مشرق اور راجستھان میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور...... پیرس پیرالمپکس میں بھارت کے سچن سَرجی راؤ کھلاڑی نے مردوں کے ساتھ شاٹ پُٹ F-46 مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *PM - Brunei Singapore Visit*

وزیر اعظم نریندر مودی برونائی کے اپنے کامیاب دورے کو مکمل کرنے کے بعد دو ملکوں کے اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں آج سہ پہر سنگاپور کے Lion City پہنچ گئے ہیں۔ سنگاپور کے داخلی امور اور قانون کے وزیر K Shanmugam نے اُن کا استقبال کیا۔ جناب مودی اپنے ہم منصب Lawrence Wong کی دعوت پر وہاں کا دورہ کررہے ہیں۔

میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے، وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ دونوں لیڈر اپنی ملاقات میں بھارت-سنگاپور کلیدی شراکت داری کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے اور باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی

معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

اس سے قبل آج بھارت اور برونائی نے سیٹلائٹ اور خلاء میں جانے والی گاڑیوں کیلئے Telemetry ، Tracking اور ٹیلی کمانڈ اسٹیشن کے کام کاج میں تعاون کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔ دونوں ملکوں نے اپنے باہمی تعلقات کو بڑھاکر زیادہ مضبوط شراکت داری تک بلندی عطا کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ باہمی مفادات کے تمام شعبوں میں تعلقات کو مزید مستحکم اور مزید مضبوط کیا جاسکے۔

وزیر اعظم نریندر مودی اور برونائی کے سلطان حاجی حسن البلقیہ کے درمیان Bander Seri Begawan میں وفد کی سطح کی بات چیت کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔

بات چیت کے دوران اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہاکہ بھارت کی مشرق پر عمل آوری کی پالیسی اور بھارت بحرالکاہل تصور میں ایک اہم شراکت دار ہونے کے ناطے دونوں ملکوں کیلئے ایک درخشاں مستقبل کی ضمانت کا حکم رکھتا ہے۔

SB - 2100 - PM Modi on Bilateral

جناب مودی نے توسیع پسندی یعنی Vistarvaad کے بجائے ترقی پسندی یعنی Vikasvaad کی حمایت بھی کی۔

SB - 2100 - PM Modi on Vistarvaad

## Prez - Teachers

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نئی دلّی میں کُل 50 اساتذہ کو قومی ٹیچرس ایوارڈس 2024 سے نوازیں گی۔ مرکزی وزارتِ تعلیم نے بتایا کہ قومی ٹیچرس ایوارڈ کا مقصد ملک کے چند بہترین اساتذہ کی منفرد خدمات کو اعزاز عطا کرنا ہے۔

اِس کے علاوہ، اعلیٰ تعلیم کے محکمے سے 16 اساتذہ اور مہارتوں کی تشکیل اور Entrepreneurship کی وزارت سے 16 اساتذہ کو بھی ایوارڈ دیا جائے گا۔ ایوارڈ میں سندِ امتیاز ، 50 ہزار روپے کا نقد انعام اور ایک چاندی کا تمغہ شامل ہے۔ x

## Amrit Udyan

Amrit Udyan کل ٹیچرس ڈے کے موقعے پر سبھی اساتذہ کیلئے خصوصی طور پر کُھلا رہے گا۔ ایک بیان میں صدرِ جمہوریہ کے سکریٹریٹ نے کہا ہے کہ راشٹرپتی بھون کے گیٹ نمبر 35 سے داخلہ ہوگا۔ سینٹرل سکریٹریٹ میٹرو اسٹیشن سے گیٹ نمبر 35 تک اساتذہ کی سہولت کیلئے ایک مفت Shuttle بس سروس دستیاب ہوگی۔

Amrit Udyan موسم گرما کے سالانہ ایڈیشن 2024 کیلئے پچھلے ماہ کی 16 تاریخ سے اِس ماہ کی 15 تاریخ تک عوام کیلئے کھلا ہے۔ یہاں پیر کے دن کے علاوہ صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک لوگ آسکتے ہیں۔ داخلہ مفت ہے۔

سیر کیلئے آنے والے راشٹرپتی بھون کی ویب سائٹ پر اپنے آنے کی بُکنگ آن لائن کرا سکتے ہیں۔ بغیر بُکنگ کے آنے والے افراد گیٹ نمبر 35 کے باہر موجود اپنی مدد آپ Kiosks کے ذریعے خود کو رجسٹر کرا سکتے ہیں۔ اِس ایڈیشن کے دوران اب تک ڈیڑھ لاکھ سیاح Amrit Udyan کی سیر کیلئے آ چکے ہیں۔ اِس سیر کے دوران سیاحوں کو ماحولیات کے بارے میں بیداری پھیلانے کیلئے بیجوں کی مدد سے بنا کاغذ دیا جاتا ہے ، جس سے پودا اُگایا جاسکتا ہے۔ x

## CPPS - Pension

ملازمین کی پنشن اسکیم سے فیض یاب ہونے والے پنشن یافتگان پہلی جنوری 2025 سے ملک بھر کے کسی بھی بینک سے اپنی پنشن حاصل کرسکیں گے۔ اِس سے ملازمین کے پراویڈنٹ فنڈ کی تنظیم EPFO کے 78 لاکھ سے زیادہ پنشن یافتگان کو فائدہ ہوگا۔ لیبر اور روزگار کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ پنشن کی ادائیگی کے Centralized نظام کی منظوری EPFO کی جدید کاری میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ Centralized نظام سے پنشن کے پیمنٹ آڈر کی منتقلی کی ضرورت کے بغیر پورے بھارت میں پنشن کی تقسیم کو یقینی بھی بنایا جاسکے گا۔ x

## Govt Beverages Export

حکومت نے اگلے چند برسوں میں برآمداتی ریوینو میں ایک ارب امریکی ڈالر کے ہدف کے ساتھ بھارت کی الکحل اور غیر الکحل مشروبات کو عالمی سطح پر فروغ دینے کا منصوبہ بنایا ہے۔ زرعی اور ڈبہ بند خوراک کی برآمدات سے متعلق ترقیاتی اتھارٹی، اہم غیر ملکی مقامات تک بھارتی مشروبات کی برآمدات میں اضافہ کرنے پر کام کر رہی ہے۔ بھارت فی الحال دنیا بھر میں الکحل مشروبات کی برآمدات میں 40 ویں مقام پر ہے۔ x

## Mumbai - RBI Meeting

بھارت کے ریزرو بینک کے مرکزی بورڈ آف ڈائریکٹرس کی 610 ویں میٹنگ آج ممبئی میں منعقد ہوئی۔ بورڈ نے عالمی اور ملکی اقتصادی منظر نامے اور Outlooks کا جائزہ لیا۔ بورڈ نے بھارت کے ریزرو بینک کے کام کاج کے مختلف طریقۂ کار کا بھی جائزہ لیا ، جس میں مرکزی بورڈوں کے کام کاج اور مرکزی دفتر کے منتخب محکموں کی سرگرمیوں کا جائزہ شامل ہے۔

اِس میٹنگ کی صدارت RBI کے گورنر شکتی کانت داس نے کی اور ڈپٹی گورنر ڈاکٹر Michael Debabrata Patra ، ایم راجیشور راؤ ، T. Rabi Sankar اور دیگر سینئر اہلکاروں نے شرکت کی۔ x

## PMI Service

آج جاری کردہ Services Purchasing مینیجرس اشاریے PMI کے مطابق مستحکم مانگ اور مہنگائی کو کم

کرنے کے اقدامات کے سبب اگست کے مہینے میں خدمات کے سیکٹر کی سرگرمیوں میں اضافہ ہوا ہے اور یہ 5 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا ہے۔ S&P Global کے ذریعے مرتب کردہ اشاریے سے واضح ہوتا ہے کہ PMI کے اعداد و شمار، اگست کے مہینے میں بڑھ کر 60 اعشاریہ 9 ہوگئے ہیں جو کہ جولائی کے مہینے میں 60 اعشاریہ 3 تھے۔ اِس کے برعکس مینوفیکچرنگ کیلئے PMI میں کمی کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔ اگست کے مہینے میں اِس کا اشاریہ تین ماہ میں سب سے کم ہوکر 57 اعشاریہ 5 ہوگیا۔ خدمات کے شعبے میں مجموعی مربوط PMI میں بہتری کے سلسلے میں جولائی کے 60 اعشاریہ 7 میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔ x

## Home Ministry Tripura

مرکزی حکومت، تریپورہ سرکار، نیشنل لبریشن فرنٹ آف تریپورہ NLFT اور آل تریپورہ ٹائیگر فورس ATTF کے نمائندوں کے درمیان آج نئی دلّی میں تصفیے سے متعلق ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے گئے۔ اِس موقع پر وزیر داخلہ امت شاہ اور تریپورہ کے وزیر اعلیٰ مانک ساہا موجود تھے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ یہ بیحد خوشی کی بات ہے کہ NLFT اور ATTF ہتھیار ترک کرکے مرکزی دھارے میں شامل ہوگئے ہیں اور تریپورہ کی ترقی کے تئیں اپنے عزم کا اظہار کیا ہے۔

2100- Amit Shah 2-Samjhuta

## Nagaland Ceasefire

مرکز نے نیشنل سوشلسٹ کونسل آف ناگالینڈ (کے) Niki کے ساتھ جنگ بندی کے معاہدے میں ایک سال کی توسیع کر دی ہے۔ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ مرکز اور نیشنل سوشلسٹ کونسل آف ناگالینڈ (کے) Niki نے ریاست میں دیرپا امن کو فروغ دینے کی خاطر ایک سال کیلئے جنگ بندی کے معاہدے میں توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جنگ بندی میں توسیع کا یہ معاہدہ 8 ستمبر 2024 سے نافذ العمل ہوگا۔ x

## Lucknow JCC

کمانڈروں کی پہلی مشترکہ کانفرنس (جے سی سی) ''سشکت اور سرکشت بھارت: مسلح افواج کو تبدیل کرنے'' کے موضوع پر آج لکھنؤ میں شروع ہوئی۔ یہ کانفرنس بدلتے ہوئے آپریشنل ماحول کو اپنانے کیلئے بھارتی فوج کے مستقبل کو تشکیل دینے پر مرکوز ہے۔ دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان، برّی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی، بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کمار ترپاٹھی اور فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل وویک رام چودھری نے کنووکیشن کی قیادت کی۔ سیکورٹی کی موجودہ صورتحال اور مسلح افواج کی دفاعی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے مختلف شعبوں میں تال میل کو بڑھانے کی خاطر مشترکہ کارروائی اور مستقبل کے منصوبوں کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کانفرنس کے دوسرے دن شرکت کرنے والے ہیں۔x

## IMD

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے گجرات میں انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے سات روز کے دوران کونکن، گوا، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور مشرقی راجستھان کے علاقوں میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ اس ہفتے کے دوران ملک کے مشرقی، وسطی اور شمالی مشرقی علاقوں، ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، انڈمان و نکوبار جزائر، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے اور سکّم میں بڑے پیمانے پر ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

## Indian Navy - Andhra Pradesh

آندھرا پردیش کے ساحلی ضلعوں میں موسلادھار بارش اور اُس کے بعد سیلاب کی سی صورتحال کے سبب بھارتی بحریہ کو اِن دنوں جاری راحت کے کاموں میں ریاستی انتظامیہ اور NDRF کی مدد کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔ وزارتِ دفاع نے بتایا کہ بحریہ کی کارروائیاں جاری ہیں اور اُس نے پھنسے ہوئے افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا ہے نیز وہ اپنے ہوائی جہازوں کے استعمال سے غذائی اشیاء کے پیکیٹ Drop کررہا ہے۔ بھارتی بحریہ کے ہیلی کاپٹروں نے ایک ہزار 820 کلوگرام وزن کے غذائی اشیاء کے پیکیٹ اور متاثرہ اہلکاروں کو 22 کلوگرام وزن کی دوائیاں Drop کی ہیں۔ وزارت نے بتایا کہ سیلاب کی صورت میں راحت پہنچانے والی ٹیموں کو NTR ضلعے کے اجیت سنگھ نگر میں تعینات کیا گیا ہے تاکہ وہ متاثرہ علاقوں میں غذا اور راحت کا ساز و سامان تقسیم کرسکیں۔

یہ ٹیمیں Gemini کشتیوں کے ذریعے قابلِ رسائی مقامات سے اہلکاروں کو محفوظ طور پر نکالنے میں بھی مدد کررہی ہیں۔ x

## Indian Navy - SA Navy Agreement

بھارتی بحریہ اور جنوبی افریقہ کی بحریہ نے آج اپنے آبدوز Rescue Support تعاون کو فروغ دینے کی غرض سے عمل آوری کے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ اس معاہدے کے تحت بھارتی بحریہ ضرورت پڑنے پر اپنی ریسکو وہیکل Deep Submergence کو تعینات کرکے مدد فراہم کرے گی۔ وزارت نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ مصیبت یا حادثے کی صورت میں جنوبی افریقہ کے آبدوز میں موجود عملے کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔

اُس نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ یہ شراکت داری دونوں ملکوں کی بحریہ کے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنائے گی اور بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان بحریہ کو مزید تقویت دے گی۔

عمل آوری کے اس معاہدے پر بحریہ کے سربراہ ایڈمیرل دِنیش K ترپاٹھی اور جنوبی افریقی بحریہ کے سربراہ وائس ایڈمیرل Monde Lobse نے دستخط کئے۔x

## Centre Doctor Security

مرکز نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں سے 10 ستمبر سے قبل تمام طبی اداروں میں ڈاکٹروں اور صحت خدمات سے متعلق عملے کی سلامتی اور تحفظ کے بارے میں اٹھائے گئے اقدامات کی رپورٹ فراہم کرنے کو کہا ہے۔ مرکزی صحت سکریٹری Apurva Chandra نے اس سلسلے میں تمام چیف سکریٹریوں اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل صاحبان کو ایک خط لکھا ہے۔ ہر علاقے اور ضلع سے کہا گیا ہے کہ وہ زیادہ لوگوں کی آمد و رفت والے اسپتالوں کی شناخت کریں اور سلامتی کی صورتحال میں بہتری کے لیے اُن اسپتالوں کو اولین ترجیح والے ادارے تصور کریں۔ اس کے علاوہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ صحت اور مقامی پولیس اہلکاروں کے ساتھ تبادلۂ خیال کرکے سلامتی سے متعلق audit کرائیں تاکہ سلامتی سے متعلق اقدامات میں بہتری لائی جاسکے۔

ریاستوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ زیادہ حساس علاقوں میں CCTV کیمرے نصب کرنے اور ان کے صحیح طور پر کام کرنے کو بھی یقینی بنائیں۔ اُن سے مزید کہا گیا ہے کہ وہ اسپتالوں میں تعینات Out Sourced اہلکاروں اور Contractual ملازمین کے سماجی پس منظر کی جلد از جلد چھان بین کریں۔ x

## Paralimpics

پیرس پیرالمپکس میں بھارت کے Shot Put پھینکنے والے سچن سَرجی راؤ کھلاڑی نے مردوں کے Shot Put F46 فائنل میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ انہوں نے بھارت کیلئے 21واں تمغہ حاصل کیا ہے۔

ٹوکیو پیرالمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے ہرونِدر سنگھ مردوں کے انفرادی Recurve اوپن کوارٹر فائنل میں آج رات دیر گئے کولمبیا کے Hector سے مقابلہ کریں گے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے سچن کھلاڑی کو مبارکباد پیش کی ہے۔ x

## India - Para Badminton

بھارت کی پیرا بیڈمنٹن ٹیم آج پیرس پیرالمپکس 2024 سے پوری سرشاری اور تمغوں کے ساتھ مہارت اور کر دِکھانے کے حقیقی جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے وطن واپس آگئی ہے۔ نئی دلّی کے IGI ہوائی اڈے پر اُن کا استقبال کیا گیا۔ بیڈمنٹن کھلاڑی کمار Nitesh نے سونے کا تمغہ جیتا اور Thulasimathy Murugesan اور uhas Yathiraj نے چاندی کے اور مَنیشا رام داس اور Nithya Sre Sivan نے کانسے کے تمغے جیتے۔

بعد میں کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے بھارت کے پیرا بیڈمنٹن دستے کو اعزاز عطا کیا اور اُن کی حصولیابیوں کی ستائش کی۔

ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ ملک اب تک 20 تمغے جیت کر ٹوکیو پیرالمپکس کی تمغوں کی فہرست سے آگے بڑھ چکا ہے۔

SB - Mansukh Madaviya - Cheers for Bharat

☆☆☆☆☆☆☆☆